© rasailojaraid.com



اوراس سے مختلف مذاہب کے ماننے والوں میں ایک دوسرے کے جذبات کے احترام کا جذبہ بھی فروغ پائے۔ (معارف، اکتوبر ۲۰۱۲ء)

## غازی پور میں قرآنی تعلیمی سنٹر کا قیام

غازی پور کے قدیم دینی ادارہ مدرسہ دینیہ کے زیر اہتمام قرآنی تعلیمی سنٹر کا قیام عمل میں آیا ہے۔ اس کا خاص مقصد جدید اسکولوں کے مسلم طلبہ کو قرآن پاک اور اردو کی تعلیم کی سہولتیں مہیا کرنا ہے۔ اس لیے کہ ان اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کی اچھی خاصی تعداد قرآن کی بنیادی تعلیم سے بھی نابلد رہتی ہے۔ اس مرکز میں بچوں کو قرآن و اردو پڑھانے کا ایک تیز رفتار کورس داخل نصاب ہے۔ بچے روزانہ عصر کی نماز سے قبل مدرسہ میں آتے ہیں اور مغرب تک قرآن، دینیات و اردو کی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اس مرکز سے شہر کے مسلم طلبہ کو کافی فائدہ پہنچ رہا ہے۔ (تذکیر، غازی پور، سیریز نمبر ۸۰)

## قرآن مجید کا سب سے چھوٹا نسخہ

عربی روزنامہ ''المحیط'' کے مطابق کویت کے ایک جوہری نے قیمتی جواہرات سے مرصع ایک انچ کا دنیا کا سب سے چھوٹا قرآن مجید تیار کیا ہے، اس میں ۱۷۵ قیراط قیمتی جواہرات کا استعمال کیا گیا ہے، دو سال کی خطاطی کے لیے عالم عرب کے مشہور خطاط رائین اکبر کی خدمات حاصل کی گئیں جو برج کویت پر بھی خطاطی کے جوہر دکھا چکے ہیں، خاص بات یہ ہے کہ اس کو لینس کے بغیر پڑھا جا سکتا ہے۔ (معارف، اکتوبر ۲۰۱۲ء)

© rasailojaraid.com